സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം

പാദവാർഷിക മൂല്യനിർണ്ണയം 2023-24

ക്ലാസ്സ് : 10

ഉർദു

സമയം : 1 ½ മണിക്കൂർ

ആകെ സ്കോർ : 40

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

* ആദ്യ 15 മിനിട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനും ഉത്തരങ്ങൾ ക്രമപ്പെടുത്താനും ഈ സമയം വിനിയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
* ചോദ്യങ്ങളും നിർദ്ദേശങ്ങളും ശ്രദ്ധാപൂർവ്വം വായിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
* ഉത്തരമെഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.

---

1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔ 3x1=3

1 ہر آن ٹوٹ پڑتا ہے روٹی کے خوان پر
جس طرح کتے لڑتے ہیں ایک استخوان پر
بچو، اس شعر میں شاعر کس کے بارے میں بیان کرتا ہے؟ [مالدار، دکان دار، مفلسی] 1

2 گروہ سے نامناسب لفظ چن کر لکھیے۔ [غزل، نظم، ناول] 1

3 صحیح جملہ کون سا ہے؟ 1
a) ظفر علی سڑک پر آہستہ آہستہ چل رہی ہے۔ b) ظفر علی سڑک پر آہستہ آہستہ چل رہا ہوں۔
c) ظفر علی سڑک پر آہستہ آہستہ چل رہا ہے۔

4 'کاغذ کی کشتی' گیت میں شاعر کس زمانے کے بارے میں بیان کرتا ہے؟ 1
[جوانی، بچپن، بڑھاپا]۔

5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔ 3x2=6

5 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملائیے۔ 2

الف	ب
کابلی والا	نظیر اکبر آبادی
غریبوں کا مسیحا	سدرشن فاخر
ستاتی ہے مفلسی	رابندر ناتھ ٹیگور
کاغذ کی کشتی	ندا فاضلی

6 بچو، اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں سے **مدر تریسا کے بارے میں لکھا ہوا شعر** چن کر لکھیے۔ 2

a) نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوبصورت تھی وہ زندگانی

b) جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی
کس کس طرح اس کو ستاتی ہے مفلسی

c) ہر دھوپ میں چھاؤں سی ہر سر پہ دعاؤں سی
روتی ہوئی آنکھوں کی بھاشا کو جو پڑھتی تھی

7 مناسب کردار چن کر خانہ پورا کیجیے۔ [رحمت، ظفر علی، لکشمی] 2

a	محنت رنگ لائی	....	آپ بیتی
b	کابلی والا	کہانی	....

8 جملے غور سے پڑھیے۔ گاؤں کے بارے میں لکھے ہوئے مناسب دو جملے چن لیجیے۔ 2

a) بڑی بڑی عمارتیں اور گاڑیوں کی بھیڑ ہے۔

b) صاف ستھرے ندی نالے ہیں۔

c) بڑے کارخانوں کی وجہ سے آب وہوا آلودگی سے بھرا ہوا ہے۔

d) دور دور تک پھیلے ہرے بھرے کھیت ہے۔

9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی 5 کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ 5x3=15

9 ساجن آئی اے ایس کا امتحان پاس ہو کر آپ کی ضلع کے کلکٹر بن گئے ہیں۔ 3
بچو، اگر آپ کو کلکٹر ساجن سے ملنے کا موقع ملا تو کیا کیا سوالات کریں گے؟ تین سوالات تیار کیجیے۔

10 لکشمی ایک غریب عورت ہے۔ اس طرح ہمارے آس پاس بھی بہت غریب لوگ رہتے ہیں۔ 3
بچو، غریبوں کی مدد کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔

11 آج کل ندی نالے کچرا ڈالنے کی جگہ بن گئے ہیں۔ ندی نالوں کی حفاظت کے لیے آپ کے گاؤں میں ایک جلوس نکلنے والا ہے۔ 3
بچو، جلوس کے لیے تین نعرے تیار کیجیے۔

جیسے : ندی نالے فطرت کا وردان ہے۔

12 'کابلی والا' رابندر ناتھ ٹیگور کی ایک مشہور کہانی ہے۔ 3

a) بچّو، اس کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

13 3

وہ بھوک کی مسجد میں روٹی کی عبادت تھی
وہ درد کی گرجا میں انسان کی خدمت تھی

یہ شعر مدر تریسا کے بارے میں ہے۔

a) بچّو، اس کا شاعر کون ہے؟

b) مدر تریسا غریبوں اور لاچاروں کی ماں ہے۔ مدر تریسا کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

14 میں ساجن ہوں۔ گاؤں میں امّی کے ساتھ رہتا ہوں۔ میری ماں بازار کی صفائی کا کام کرتی ہیں۔ 3
بچو، ساجن اپنے بارے میں کہہ رہا ہے۔ آپ بھی اپنے بارے میں لکھیے۔

15 3

نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوب صورت تھی وہ زندگانی

بچپن زندگی کا خوب صورت زمانہ ہے۔
بچّو، شعر کی روشنی میں بچپن کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی 4 کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ **4x4= 16**

16 4

جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی
پیاسا تمام روز بٹھاتی ہے مفلسی بھوکا تمام رات سلاتی ہے مفلسی

اشعار میں شاعر مفلسی کے بارے میں بیان کرتا ہے۔ مفلسی کی وجہ سے زندگی میں کیا کیا مسائل پیش آتے ہیں؟ آپ کے خیالات لکھیے۔

17 عبارت پڑھ کر اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔ 4

نظیر اکبر آبادی اردو کے مشہور عوامی شاعر تھے۔ وہ 1740ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ ان کا اصلی نام ولی محمد تھا۔ اردو نظم نگاری کا باقاعدہ آغاز ان سے ہوا۔ برسات، ہولی، دیوالی وغیرہ ان کی مشہور نظمیں ہیں۔
وہ نیچرل شاعری کے امام تھے۔ 1839ء میں ان کا انتقال ہوا۔

[اشارے: کون، کب، کیا کیا، کہاں]

18 ساجن آئی۔اے۔ایس کا امتحان پاس ہو گیا۔اس کو مبارک باد دیتے ہوئے جگری دوست الطاف ایک خط لکھنا چاہتا ہے۔بچوّ، ساجن کے نام الطاف کا خط تیار کیجیے۔ 4

19 سات سال کے بعد جیل سے رہا ہو کر رحمت منی کے گھر آیا۔اس کو دیکھ کر رحمت خوشی سے پوچھنے لگا۔ 4

رحمت : منی! کیا تم مجھے بھول گئے؟

منی : ....

رحمت اور منی کی گفتگو تیار کیجیے۔

20 آپ کے اسکول میں اردو کلب کا افتتاح ہونے والا ہے۔پروگرام کا افتتاح ضلع کلکٹر ساجن کرتے ہیں۔ ہیڈ ماسٹر جوزف صدارت کی کرسی سجائیں گے۔ صدر پنچایت سلیم صاحب تہنیتی خطبہ کریں گے۔ 4
بچوّ، اشاروں کی مدد سے اس پروگرام کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔

[اشارے: عنوان، تاریخ، مقام، افتتاح، صدارت، تہنیتی خطبہ]

21 اشاروں کی مدد سے رابندرناتھ ٹیگور کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

رابندرناتھ ٹیگور

شہرت	:	شاعر افسانہ نگار، ناول نگار
پیدائش	:	7 مئی، 1861ء کلکتہ میں
ایوارڈ	:	1913ء میں نوبل پرائز
شعری مجموعہ	:	گیتانجلی
انتقال	:	7/اگست 1941ء